DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 230

DATED. 09-03-2026.

**SUBJECT:-** **PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

*for* **(Director General)**

*The Press Secretary to*
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 09.03.2026

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان کی میڈیکل سیٹیں بڑھانے کی ضرورت ہے، گورنر | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | ملک وقوم کی خدمت کرنیوالی خواتین معاشرے کا فخر ہیں، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | ولی محمدنورزئی اورعلی مدد جتک کی اسمبلی میں حاضری سب سے زیادہ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | عورت اپنی بصیرت سے قوموں کی تقدیر بدل سکتی ہے، علی حسن زہری | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | عوام کوان کی دہلیز پر پبلک ٹرانسپورٹ فراہم کرنے کا وعدہ پورا کردیا، ظہور بلیدی | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | قیام امن بنانے کیلئے وسائل بروئے کارلا رہے ہیں، بخت محمد کاکڑ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | کنٹونمنٹ بورڈ نے نادہندگان کیخلاف کریک ڈاؤن شروع کردیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | پاک فوج قربانیوں کوخراج عقیدت پیش کرنے کیلئے ریلی | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | یوم علی پر بم ڈسپوزل اسکواڈ کی ٹیمیں سوئپنگ وسرچنگ کریں گی، ڈی آئی جی | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | بلوچستان اسمبلی کے ارکان کی حاضری سے متعلق سالانہ رپورٹ جاری | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | وندر ضلعی انتظامیہ کے زیراہتمام پاک فوج زندہ آباد ریلی | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ نقصان دہ ثابت ہوگا، چیمبرآف کامرس | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | ترقیاتی منصوبوں کے معیار پرسمجھوتہ نہ کیا جائے، سیکرٹری مواصلات وتعمیرات | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | انسپکٹرمٹھا خان بہادراورفرض شناس افسر تھے، شاہدرند | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | بلوچستان کے اہم سیاسی رہنماؤں کودرپیش ممکنہ خطرات محکمہ داخلہ کا تھریٹ الرٹ جاری | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | مستحق افرادکوان کی دہلیز پر رمضان راشن پہنچایا گیا، اے ڈی سی گوادر | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | سندھ اوربلوچستان کے سی این جی اسٹیشن کوگیس کی فراہمی بند | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | خواتین کی ترقی وخوشحالی اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں، جہاں آرا تبسم | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | سیاسی مکالمے اورعوام کوان کے حقوق دیکر بلوچستان کے مسائل کا حل ممکن ہے، لیاقت لہڑی | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

کوئٹہ نامعلوم افراد کی فائرنگ سے سی ٹی ڈی انسپکٹر شہید، کوئٹہ فائرنگ تبادلے کے بعد دوموٹرسائیکل سنیچر ہلاک، دالبندین سی ٹی ڈی دفتر پردستی بم حملہ ایک اہلکار زخمی، چمن دراندازی کی کوشش ناکام، خارجی ہلاک، ژوب ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، تربت سے نعش برآمد،

## مسائل :

اوستہ محمد آبنوشی کا بحران سنگین شہری بوند بوند کوترسنے لگے، حکومت فوری جائز مطالبات تسلیم کرے، ریٹائرڈ لیویز ملازمین، کوئٹہ مسافر کوچز وگڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں نمایاں اضافہ، کوہلو نادرا آفس میں فی میل اسٹاف نہ ہونے کی وجہ سے خواتین کوشدید مشکلات کا سامنا، ایران جنگ پنجگور میں خوردنی اشیاء کی قلت پیدا ہوگئی،

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**مورخہ 09.03.2026**

**اداریہ :**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے " **منتخب نمائندے فیصلہ کن طور پر کام کریں** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ عوام کی جانب سے منتخب کئے جانے والے نمائندوں کو اس کیلئے کام کرنا چاہئے کیونکہ عوام ان کو ووٹ دے کر اسمبلیوں میں اپنا نمائندہ بنا کر بھیجتے ہیں اگر عوام کے نمائندے اس کیلئے کام نہ کریں تو یہ بلاشبہ منتخب نمائندوں کی جانب سے بدنیتی ہوگی اس طرح عام کا ان سے اعتماد اٹھ جائے گا اور ان کا مستقبل تاریک ہوسکتا ہے کیونکہ عوام کے ووٹ کی طاقت بہت بڑی ہوتی ہے اس لئے ان کا ووٹ کا احترام کرنا بہت ہی ضروری ہے، گزشتہ روز گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی وزراء سلیم کھوسہ، شعیب نوشیروانی اور سردار کھیتر ان ان سے علیحدہ علیحدہ ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے وقت آگیا ہے کہ منتخب نمائندے فیصلہ کن طور پر کام کریں بحیثیت عوامی نمائندے بلوچستان جاری ترقیاتی منصوبوں اور اقدامات کے ثمرات عوام تک پہنچانے کیلئے ٹھوس عملی اقدامات اٹھائیں تاکہ وعدے اور ڈیلیوری کے درمیان فرق ختم ہوسکے صوبے کی تقدیر سنوارنے میں منتخب نمائندوں کا پریکٹیکل کردار بہت اہم ہے پاکستان مسلم لیگ ن بلوچستان کو خوشحال اور ترقی کی طرف گامزن کرنے میں کلیدی کردار ادا کرسکتی ہے منتخب نمائندے غریب و محروم کی فلاح و بہبود کیلئے کام کریں بلوچستان کا مستقبل نمائندون کے ہاتھ میں ہے اسے نئی امید، پائیدار ترقی اور مشترکہ خوشحالی کا مستقبل بننے دیں۔

**اداریے :**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**حکومت تمام علاقوں کی متوازن ترقی کیلئے کوشاں** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Enrollment campaign 2026" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "**بلوچستان میں جدید ٹیلی ہیلتھ نظام** " کے عنوان سے عنایت الرحمٰن کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان میں ترقی وخوشحالی کا نیادور** " کے عنوان سے نسیم الحق کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان میں صنعتی حقوق اور عالمی یوم خواتین کا اصل مقصد** " کے عنوان سے وطن یار کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 1

Dated: 09 MAR 2026 Page No. 4


## بلوچستان اور فاٹا کیلئے میڈیکل سیٹیں بڑھائی جائیں، جعفر مندوخیل

### بلوچستان کے طلباء صلاحیتوں کے لحاظ سے کسی سے کم نہیں، گورنر بلوچستان

### ہائر ایجوکیشن کمیشن طلباء وطالبات کیلئے فوری طور پر مختص 333 میڈیکل نشستیں بحال کرے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان اور سابق وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقہ جات (فاٹا) کے طلباء کیلئے مختص میڈیکل سیٹوں کو بڑھتی ہوئی آبادی کے مطابق محدود کرنے کے بجائے بڑھانے کی ضرورت ہے جبکہ ان کیلئے پہلے سے مختص 333 میڈیکل سیٹیں کم کر کے 121 کردی گئی ہیں۔ اسلئے ضروری ہے کہ ہائر ایجوکیشن...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

کیشن) ایچ ای سی (فاٹا اور بلوچستان کے طلباء و طالبات کیلئے فوری طور پر مختص 333 میڈیکل نشستیں بحال کریں. اپنے ایک بیان میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ مختص میڈیکل سیٹیں بحال کرنے سے بلوچستان اور سابق فاٹا کے طلباء کو میڈیکل کی تعلیم حاصل کرنے کے مناسب مواقع میسر آئیں گے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان کے طلباء صلاحیتوں کے لحاظ سے کسی سے کم نہیں لیکن سہولیات اور مواقعوں کی کمی ان کی راہ میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔


Century Express Quetta


## بلوچستان کی میڈیکل سیٹیں بڑھانے کی ضرورت ہے، گورنر

### بڑھتی آبادی کے باوجود پہلے سے مختص 333 نشستیں کم کر کے 121 کردی گئیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان اور سابق وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقہ جات (فاٹا) کے طلباء کیلئے مختص میڈیکل سیٹوں کو (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

بڑھتی ہوئی آبادی کے مطابق محدود کرنے کے بجائے بڑھانے کی ضرورت ہے جبکہ ان کیلئے پہلے سے مختص 333 میڈیکل سیٹیں کم کر کے 121 کردی گئی ہیں۔ اس لے ضروری ہے کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) فاٹا اور بلوچستان کے طلباء و طالبات کیلئے فوری طور پر مختص 333 میڈیکل نشستیں بحال کریں۔ اپنے ایک بیان میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ مختص میڈیکل سیٹیں بحال کرنے سے بلوچستان اور سابق فاٹا کے طلباء کو میڈیکل کی تعلیم حاصل کرنے کے مناسب مواقع میسر آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے طلباء صلاحیتوں کے لحاظ سے کسی سے کم نہیں لیکن سہولیات اور مواقعوں کی کمی ان کی راہ میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORAT[E]
GENERAL OF PU[BLIC]
RELATIONS BALOC[HISTAN]

نظامت اعلیٰ ...
حکومت ب...

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

کوئٹہ اور بلوچستان بھر سے

Bullet No. 1

Page No. 7

روزنامہ باخبر 09 مارچ 2026ء


## وزیراعلیٰ کی وفاقی وزیر خزانہ اور پٹرولیم سے ملاقات

**وفاقی حکومت کے ساتھ مضبوط رابطے سے صوبے کے ترقیاتی منصوبے جلد مکمل ہوں گے، سرفراز بگٹی**

کوئٹہ/اسلام آباد (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اتوار کے روز اسلام آباد میں وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک نے ملاقات کی جس میں ملکی اقتصادی صورتحال، توانائی کے شعبے میں درپیش چیلنجز، پیٹرولیم قیمتوں کے اثرات اور بلوچستان میں عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس امید کا اظہار کیا کہ وفاقی حکومت کے ساتھ مضبوط رابطے اور قریبی تعاون سے صوبے کے ترقیاتی منصوبے جلد مکمل ہوں گے اور عوامی مسائل کے حل میں بھی تیزی آئے گی وزیراعلیٰ بلوچستان نے صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، اقتصادی استحکام اور توانائی کے شعبے میں مشترکہ اقدامات پر بھی بات چیت کی اور وفاقی حکومت سے تعاون بڑھانے پر زور دیا تاکہ عوام کو معیاری اور آسان سہولیات فراہم کی جا سکیں وفاقی وزراء نے صوبائی حکومت کے اقدامات کو سراہا اور ملک میں اقتصادی استحکام، توانائی کی مناسب فراہمی اور عوام کو معیاری خدمات فراہم کرنے کے لیے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔

## افغان طالبان رجیم کا بندوق کے زور پر احتجاج

**پاکستان مخالف مظاہروں میں معصوم بچوں کا استعمال، ماہرین کی مذمت**

اسلام آباد/کابل (آن لائن) دہشت گردوں کی سرپرست افغان طالبان رجیم اپنی ہزیمت سے توجہ ہٹانے کے لیے پاکستان مخالف بیانیہ کو ہوا دینے لگی۔ افغان طالبان سیاسی مقاصد کے لیے معاشرے کے کمزور طبقات کو استعمال کرنے لگے ہیں۔ افغان نشریاتی ادارہ آماج نیوز کے مطابق افغان طالبان نے افغان صوبہ غور سمیت متعدد علاقوں میں بچوں اور مزدور طبقے کو پاکستان کیخلاف احتجاج پر مجبور کیا۔ مظاہروں میں کم عمر بچوں کو پاکستان مخالف نعرے بازی اور احتجاجی سرگرمیوں کا حصہ بنایا گیا۔ ماہرین نے افغان طالبان رجیم کا بچوں کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کو قابل مذمت قرار دیا ہے۔ افغان طالبان رجیم میں شدت پسند عناصر نوجوان نسل کو اپنے مکروہ بیانیے کیلئے استعمال کر رہے ہیں۔ عالمی ماہرین کے مطابق ماضی میں بھی افغان طالبان اپنی سرگرمیوں اور حملوں کیلئے بچوں کو ڈھال کے طور پر استعمال کرتے رہے ہیں۔ افغان طالبان کا معصوم بچوں کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کرنا مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے خطرناک رجحان ہے۔ افغان طالبان کا بچوں کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کرنا انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔

## وزیراعلیٰ تربت پریس کلب کی گرانٹ بڑھا کر 50 لاکھ کر دی

**صحافی معاشرے کی آنکھ اور آواز ہوتے ہیں جو عوام اور حکومت کے درمیان پل کا کردار ادا کرتے ہیں، سرفراز بگٹی**

تربت (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تربت پریس کلب کے سالانہ گرانٹ 20 لاکھ روپے سے بڑھا کر 50 لاکھ روپے کرنے اور جرنلسٹ کالونی کی تعمیر کا اعلان کر دیا۔ یہ اعلان انہوں نے سرکٹ ہاؤس تربت میں گرین بس سروس کے افتتاح کے موقع پر کیا، جہاں تربت پریس کلب کے وفد نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کرتے ہوئے سالانہ گرانٹ میں اضافے اور صحافیوں کے لیے رہائشی کالونی کے قیام کی درخواست پیش کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، پارلیمانی سیکرٹری برائے انرجی میر اصغر رند، صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ سمیت دیگر حکام بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی میر ظہور احمد بلیدی کی خصوصی سفارش پر تربت پریس کلب کی سالانہ گرانٹ 20 لاکھ سے بڑھا کر 50 لاکھ روپے کرنے کی منظوری دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت صحافیوں کی خدمات، مسائل اور پیشہ ورانہ مشکلات سے بخوبی آگاہ ہے اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے اس موقع پر جرنلسٹ کالونی کی تعمیر کے اعلان کیا اور اسے صحافی برادری کی فلاح و بہبود کے لیے ایک اہم قدم قرار دیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور آواز ہوتے ہیں جو عوام اور حکومت کے درمیان ایک مضبوط پل کا کردار ادا کرتے ہیں۔

## وزیراعلیٰ کی کائرہ ہاؤس آمد، قمر زمان کائرہ سے بھائی کی وفات پر تعزیت کی

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اتوار کو اسلام آباد میں کائرہ ہاؤس گئے جہاں انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما قمر زمان کائرہ سے ملاقات کی اور ان کے بھائی مشتاق کائرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور قمر زمان کائرہ سمیت سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم مشتاق کائرہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTO
GENERAL O
RELATIONS BA
نظامت اعلی
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 8

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی
صدیق بلوچ
جلد نمبر۔27 | پیر 09 مارچ 2026ء بمطابق 19 رمضان المبارک 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔68

میر سرفراز بگٹی

# وفاقی حکومت کیساتھ مضبوط رابطے اور قریبی تعاون سے ترقیاتی منصوبے مکمل کرینگے

**وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اتوار کے روز اسلام آباد میں وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک نے ملاقات کی**

**ملکی اقتصادی صورتحال، توانائی کے شعبے میں درپیش چیلنجز، پٹرولیم قیمتوں کے اثرات اور بلوچستان میں عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال**

**وزیر اعلیٰ بلوچستان نے صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، اقتصادی استحکام اور توانائی کے شعبے میں مشترکہ اقدامات پر بھی بات چیت کی اور وفاقی حکومت سے تعاون بڑھانے پر زور دیا**

اسلام آباد (ن ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اتوار کے روز اسلام آباد میں وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک نے ملاقات کی جس میں ملکی اقتصادی صورتحال، توانائی کے شعبے میں درپیش چیلنجز، پٹرولیم قیمتوں کے اثرات اور بلوچستان میں عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس امید کا اظہار کیا کہ وفاقی حکومت کے ساتھ مضبوط رابطے اور قریبی تعاون سے صوبے کے ترقیاتی منصوبے جلد مکمل ہوں گے اور عوامی مسائل کے حل میں بھی تیزی آئے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، اقتصادی استحکام اور توانائی کے شعبے میں مشترکہ اقدامات پر بھی بات چیت کی اور وفاقی حکومت سے تعاون بڑھانے پر زور دیا تاکہ عوام کو معیاری اور آسان سہولیات فراہم کی جا سکیں وفاقی وزراء نے صوبائی حکومت کے اقدامات کو سراہا اور ملک میں اقتصادی استحکام، توانائی کی مناسب فراہمی اور عوام کو معیاری خدمات فراہم کرنے کے لیے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا

(بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر)



اسلام آباد، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک سے ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

Bullet No. 1

Page No. 9

بروز پیر 09 مارچ 2026ء

# بلوچستان کی خواتین معاشرتی اور گھریلو ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہی ہیں، وزیراعلیٰ

## خواتین جو پولیس اور مسلح افواج میں شامل ہو کر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم خواتین کے موقع پر بلوچستان کی بہادر، باصلاحیت اور باہمت خواتین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ تمام خواتین قابل احترام ہیں جو ہر طرح کی مشکلات اور چیلنجز کے باوجود صوبے اور (بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 2 پر)

ملک کی خدمت میں مصروف عمل ہیں انٹرنیشنل ویمن ڈے پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین نہ صرف معاشرتی اور گھریلو ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہی ہیں بلکہ مختلف شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں کردار ادا کرتے ہوئے صوبے کی ترقی اور استحکام میں اہم حصہ ڈال رہی ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ خواتین جو مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے امن اور ترقی کے راستے کو اختیار کر کے ملک و قوم کی خدمت کر رہی ہیں، وہ ہمارے معاشرے کا فخر ہیں۔ اسی طرح وہ خواتین جو پولیس اور مسلح افواج میں شامل ہو کر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں اور پاکستان کے دفاع میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں، پوری قوم ان پر فخر کرتی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے خواتین کی صلاحیتوں اور قیادت کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں صوبے کے اہم اضلاع میں ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر جیسے اہم انتظامی عہدوں پر تعینات کیا ہے اور وہ جس ذمہ داری اور پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ اپنی خدمات انجام دے رہی ہیں وہ قابل تحسین ہے انہوں نے کہا کہ خواتین کی معاشی خودمختاری کے لیے حکومت بلوچستان نے ویمن اکنامک امپاورمنٹ انڈومنٹ فنڈ متعارف کرایا ہے، جس کے تحت خواتین کو آسان اقساط پر قرضے فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ اپنے کاروبار کا آغاز کر سکیں اور معاشی طور پر خودمختار بن سکیں۔ اسی سلسلے میں خضدار ویمن مارکیٹ کا قیام بھی عمل میں لایا گیا ہے جہاں خواتین کو کاروبار کے بہتر مواقع میسر آ رہے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ خواتین کی تعلیم کے فروغ کے لیے سال 2024 اور 2025 کے دوران تقریباً سولہ ہزار طالبات کو ایک اعشاریہ پانچ ارب روپے کے تعلیمی وظائف فراہم کیے گئے ہیں اس کے علاوہ ہر ضلع سے میٹرک کے امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والی پانچ طالبات کے سولہ سالہ تعلیمی اخراجات حکومت بلوچستان نے اپنے ذمے لینے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ صوبے کی باصلاحیت بچیاں اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو محفوظ اور باوقار سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے پنک بس سروس متعارف کرائی گئی ہے، جس کے بعد خواتین کو سفر کے دوران درپیش مشکلات میں نمایاں کمی آئی ہے اور انہیں محفوظ، باوقار اور با اعتماد سفری سہولت میسر آئی ہے۔ اس اقدام سے خواتین کی سماجی اور معاشی خودمختاری کو مزید تقویت ملی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے حکومت نے ہیلپ لائن 1089 قائم کی ہے جبکہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو ویمن سینٹر اور شیلٹر ہومز کے ذریعے متاثرہ خواتین کو تحفظ، قانونی معاونت اور رہائش کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ وہ کسی بھی مشکل صورتحال میں محفوظ ماحول حاصل کر سکیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی ایک اہم اور تاریخی قانون سازی کم عمری کی شادی کے خلاف قانون ہے، جس کے تحت اٹھارہ سال سے کم عمر بچیوں کی شادی پر پابندی عائد کی گئی ہے

# وزیراعلیٰ بلوچستان کا تربت پریس کلب کی گرانٹ 50 لاکھ اور جرنلسٹ کالونی کی تعمیر کا اعلان

## صحافیوں بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے سنجیدہ اقدامات جاری رکھے گی

تربت (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تربت پریس کلب کے سالانہ گرانٹ 20 لاکھ روپے سے بڑھا کر 50 لاکھ روپے کرنے اور جرنلسٹ کالونی کی تعمیر کا اعلان کر دیا۔ یہ اعلان انہوں نے سرکٹ ہاؤس تربت میں گرین بس سروس کے افتتاح کے موقع پر (بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 7 پر)

کیا، جہاں تربت پریس کلب کے وفد نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کرتے ہوئے سالانہ گرانٹ میں اضافے اور صحافیوں کے لیے رہائشی کالونی کے قیام کی درخواست پیش کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، پارلیمانی سیکرٹری برائے انرجی میر اصغر رند، صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ سمیت دیگر حکام بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی میر ظہور احمد بلیدی کی خصوصی سفارش پر تربت پریس کلب کی سالانہ گرانٹ 20 لاکھ سے بڑھا کر 50 لاکھ روپے کرنے کی منظوری دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت صحافیوں کی خدمات، مسائل اور پیشہ ورانہ مشکلات سے بخوبی آگاہ ہے اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے اس موقع پر جرنلسٹ کالونی کی تعمیر کے اعلان کیا اور اسے صحافی برادری کی فلاح و بہبود کے لیے ایک اہم قدم قرار دیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور آواز ہوتے ہیں جو عوام اور حکومت کے درمیان ایک مضبوط پل کا کردار ادا کرتے ہیں۔ حکومت صحافیوں کی فلاح و بہبود، پیشہ ورانہ بہتری اور ان کے لیے بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے سنجیدہ اقدامات جاری رکھے گی۔ تربت پریس کلب کے عہدیداران اور ممبران نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی میر ظہور احمد بلیدی کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گرانٹ میں نمایاں اضافہ اور جرنلسٹ کالونی کے قیام کا اعلان صحافی برادری کے لیے ایک تاریخی اور خوش آئند اقدام ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ موجودہ حکومت مستقبل میں بھی صحافیوں کی فلاح و بہبود اور ان کے مسائل کے حل کے لیے اسی طرح مثبت اقدامات جاری رکھے گی۔

CLIPPING SERVICE
DIRECT[ORATE] GENERAL [PUBLIC] RELATIONS [BALOCHISTAN]
نظامت اعلیٰ ... حکومت
Bullet No. 1
Page No. 10

# میزان

روزنامہ

چیف ایڈیٹر محمد زبیر خان

جلد 77 | پیر 09 مارچ 2026ء، 19 رمضان المبارک 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 188

# صوبے کی خواتین کی ہمت، عزم روشن مستقبل کی ضمانت ہیں

## وزیر اعلیٰ بلوچستان

تمام خواتین قابل احترام ہیں جو ہر طرح کی مشکلات اور چیلنجز کے باوجود صوبے اور ملک کی خدمت میں مصروف عمل ہیں، وہ خواتین جو مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے امن اور ترقی کے راستے کو اختیار کر کے ملک و قوم کی خدمت کر رہی ہیں، وہ ہمارے معاشرے کا فخر ہیں

بلوچستان کی خواتین نہ صرف معاشرتی اور گھریلو ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہی ہیں بلکہ مختلف شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں کردار ادا کرتے ہوئے صوبے کی ترقی اور استحکام میں اہم حصہ ڈال رہی ہیں، میر سرفراز بگٹی کا انٹرنیشنل ویمن ڈے پر پیغام [illegible]

کوئٹہ (ح ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم خواتین کے موقع پر بلوچستان کی بہادر، باصلاحیت اور باہمت خواتین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ تمام خواتین قابل احترام ہیں جو ہر طرح کی مشکلات اور چیلنجز کے باوجود صوبے اور ملک کی خدمت (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

میں مصروف عمل ہیں انٹرنیشنل ویمن ڈے پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین نہ صرف معاشرتی اور گھریلو ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہی ہیں بلکہ مختلف شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں کردار ادا کرتے ہوئے صوبے کی ترقی اور استحکام میں اہم حصہ ڈال رہی ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وہ خواتین جو مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے امن اور ترقی کے راستے کو اختیار کر کے ملک و قوم کی خدمت کر رہی ہیں، وہ ہمارے معاشرے کا فخر ہیں۔ اسی طرح وہ خواتین جو پولیس اور مسلح افواج میں شامل ہو کر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں اور پاکستان کے دفاع میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں، پوری قوم ان پر فخر کرتی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے خواتین کی صلاحیتوں اور قیادت کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں صوبے کے اہم اضلاع میں ڈپٹی کمشنز اور اسسٹنٹ کمشنز جیسے اہم انتظامی عہدوں پر تعینات کیا ہے اور وہ جس ذمہ داری اور پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ اپنی خدمات انجام دے رہی ہیں وہ قابل تحسین ہے انہوں نے کہا کہ خواتین کی معاشی خودمختاری کے لیے حکومت بلوچستان نے ویمن اکنامک امپاورمنٹ انڈومنٹ فنڈ متعارف کرایا ہے، جس کے تحت خواتین کو آسان اقساط پر قرضے فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ اپنے کاروبار کا آغاز کر سکیں اور معاشی طور پر خود مختار بن سکیں۔ اسی سلسلے میں خضدار ویمن مارکیٹ کا قیام بھی عمل میں لایا گیا ہے جہاں خواتین کو کاروبار کے بہتر مواقع میسر آ رہے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ خواتین کی تعلیم کے فروغ کے لیے سال 2024 اور 2025 کے دوران تقریباً سولہ ہزار طالبات کو ایک

اعشاریہ پانچ ارب روپے کے تعلیمی وظائف فراہم کیے گئے ہیں اس کے علاوہ ہر ضلع سے میٹرک کے امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والی پانچ طالبات کے سولہ سالہ تعلیمی اخراجات حکومت بلوچستان نے اپنے ذمے لینے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ صوبے کی باصلاحیت بچیاں اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو محفوظ اور باوقار سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے پیپلز پنک بس سروس متعارف کرائی گئی ہے جس کے بعد خواتین کو

سفر کے دوران درپیش مشکلات میں نمایاں کمی آئی ہے اور انہیں محفوظ، باوقار اور بااعتماد سفری سہولت میسر آئی ہے۔ اس اقدام سے خواتین کی سماجی اور معاشی خودمختاری کو مزید تقویت ملی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے حکومت نے ہیلپ لائن 1089 قائم کی ہے جبکہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو ویمن سینٹر اور شیلٹر ہومز کے ذریعے متاثرہ خواتین کو تحفظ، قانونی معاونت اور رہائش کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ وہ کسی بھی مشکل صورتحال میں محفوظ ماحول حاصل کر سکیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی ایک اہم اور تاریخی قانون سازی کم عمری کی شادی کے خلاف قانون ہے جس کے تحت اٹھارہ سال سے کم عمر بچیوں کی شادی پر پابندی عائد کی گئی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 Page No. 11

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار

روزنامہ میزان کوئٹہ

پیر 9 مارچ 2026ء 19 رمضان المبارک 1447ھ

وزیراعلیٰ بلوچستان سے اسلام آباد میں وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک کی ملاقات

# وفاقی حکومت کیساتھ قریبی تعاون سے ترقیاتی منصوبے جلد مکمل ہونگے، سرفراز بگٹی

ملکی اقتصادی صورتحال، پیٹرولیم قیمتوں کے اثرات اور بلوچستان میں عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اتوار کے روز اسلام آباد میں وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک نے ملاقات کی جس میں ملکی اقتصادی صورتحال، توانائی کے شعبے میں درپیش چیلنجز، پیٹرولیم قیمتوں کے اثرات اور بلوچستان میں عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر (بقیہ 8 صفحہ 2 پر)

سرفراز بگٹی نے اس امید کا اظہار کیا کہ وفاقی حکومت کے ساتھ مضبوط رابطے اور قریبی تعاون سے صوبے کے ترقیاتی منصوبے جلد مکمل ہوں گے اور عوامی مسائل کے حل میں بھی تیزی آئے گی وزیراعلیٰ بلوچستان نے صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، اقتصادی استحکام اور توانائی کے شعبے میں مشترکہ اقدامات پر بھی بات چیت کی اور وفاقی حکومت سے تعاون بڑھانے پر زور دیا تاکہ عوام کو معیاری اور آسان سہولیات فراہم کی جا سکیں وفاقی وزراء نے صوبائی حکومت کے اقدامات کو سراہا اور ملک میں اقتصادی استحکام، توانائی کی مناسب فراہمی اور عوام کو معیاری خدمات فراہم کرنے کے لیے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔

## وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی اسلام آباد میں کائرہ ہاؤس آمد

قمر زمان کائرہ سے ان کے بھائی مشتاق کائرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اتوار کو اسلام آباد (بقیہ 33 صفحہ 2 پر)

میں کائرہ ہاؤس گئے جہاں انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما قمر زمان کائرہ سے ملاقات کی اور ان کے بھائی مشتاق کائرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور قمر زمان کائرہ سمیت سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم مشتاق کائرہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTO
GENERAL O
RELATIONS BA

نظامت اعلی
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 12

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 81 | پیر 9 مارچ 2026ء، 19 رمضان 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 68

## خواتین کی ترقی و تحفظ کو یقینی بنائیں گے

# گمراہ نوجوانوں کو قومی دھارے میں واپس لانا ہوگا

## وزیر اعلیٰ بلوچستان

### خواتین جو مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے امن اور ترقی کے راستے کو اختیار کر کے ملک و قوم کی خدمت کر رہی ہیں وہ ہمارے معاشرے کا فخر ہیں

### وفاقی حکومت کے ساتھ مضبوط رابطے اور قریبی تعاون سے صوبے کے ترقیاتی منصوبے جلد مکمل ہوں گے، میر سرفراز بگٹی کی سینیٹر محمد اورنگزیب اور علی پرویز سے ملاقات کے دوران بات چیت

کوئٹہ + اسلام آباد (خ ن، این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم خواتین کے موقع پر بلوچستان کی بہادر، باصلاحیت اور باہمت خواتین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ تمام خواتین قابل احترام ہیں جو ہر طرح کی مشکلات اور چیلنجز کے باوجود صوبے اور ملک کی خدمت میں مصروف عمل ہیں انٹرنیشنل ویمن ڈے پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین نہ صرف معاشرتی اور گھریلو ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہی ہیں بلکہ مختلف شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں کردار ادا کرتے ہوئے صوبے کی ترقی اور استحکام میں اہم حصہ ڈال رہی ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وہ خواتین جو مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے امن اور ترقی کے راستے کو اختیار کر کے ملک و قوم کی خدمت کر رہی ہیں، وہ ہمارے معاشرے کا فخر ہیں۔ اسی طرح وہ خواتین جو پولیس اور مسلح افواج میں شامل ہو کر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں اور پاکستان کے دفاع میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں، پوری قوم ان پر فخر کرتی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے خواتین کی صلاحیتوں اور قیادت کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں صوبے کے اہم اضلاع میں ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر جیسے اہم انتظامی عہدوں پر تعینات کیا ہے اور وہ جس ذمہ داری اور پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ اپنی خدمات انجام دے رہی ہیں وہ قابل تحسین ہے انہوں نے کہا کہ خواتین کی معاشی خودمختاری کے لیے حکومت بلوچستان نے ویمن اکنامک امپاورمنٹ انڈومنٹ فنڈ متعارف کرایا ہے، جس کے تحت خواتین کو آسان اقساط پر قرضے فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ اپنے کاروبار کا آغاز کر سکیں اور معاشی طور پر خودمختار بن سکیں۔ اسی سلسلے میں خضدار ویمن مارکیٹ کا قیام بھی عمل میں لایا گیا ہے جہاں خواتین کو کاروبار کے بہتر مواقع میسر آ رہے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ خواتین کی تعلیم کے فروغ کے لیے سال 2024 اور 2025 کے دوران تقریباً سولہ ہزار طالبات کو ایک اعشاریہ پانچ ارب روپے کے تعلیمی وظائف فراہم کیے گئے ہیں اس کے علاوہ ہر ضلع سے میٹرک کے امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والی پانچ طالبات کے سولہ سالہ تعلیمی اخراجات حکومت بلوچستان نے اپنے ذمے لینے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ صوبے کی باصلاحیت بچیاں اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو محفوظ اور باوقار سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے پیپلز پنک بس سروس متعارف کرائی گئی ہے، جس کے بعد خواتین کو سفر کے دوران درپیش مشکلات میں نمایاں کمی آئی ہے اور انہیں محفوظ، باوقار اور بااعتماد سفری سہولت میسر آئی ہے۔ اس اقدام سے خواتین کی سماجی اور معاشی خودمختاری کو مزید تقویت ملی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے حکومت نے ہیلپ لائن 1089 قائم کی ہے جبکہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو ویمن سینٹر اور شیلٹر ہومز کے ذریعے متاثرہ خواتین کو تحفظ، قانونی معاونت اور رہائش کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ وہ کسی بھی مشکل صورتحال میں محفوظ ماحول حاصل کر سکیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی ایک اہم اور تاریخی قانون سازی کم عمری کی شادی کے خلاف قانون ہے جس کے تحت اٹھارہ سال سے کم عمر بچیوں کی شادی پر پابندی عائد کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ قانون نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک کے لیے ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جس سے ہماری بچیوں کو تعلیم، بہتر صحت اور باعزت زندگی کے مواقع میسر آئیں گے انہوں نے کہا کہ خواتین معاشرے کا نہایت اہم اور بنیادی جز ہیں اور انہی کے کردار سے معاشرہ خوبصورتی اور توازن حاصل کرتا ہے انہوں نے بلوچستان کی تمام خواتین، بالخصوص طالبات، بہنوں اور ماؤں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بھرپور انداز میں اجاگر کریں اور آگے بڑھیں، حکومت بلوچستان ہر قدم پر ان کے ساتھ کھڑی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت خواتین کے لیے تعلیمی وظائف، پنک بس سروس، پنک اسکوٹیز اور دیگر فلاحی پروگراموں کے ذریعے ان کے لیے ترقی کے دروازے کھول رہی ہے اور ہماری خواہش ہے کہ بلوچستان کی بچیاں دنیا کی بہترین جامعات تک رسائی حاصل کریں، اعلیٰ تعلیم حاصل کریں اور ایک باوقار اور کامیاب مستقبل کی بنیاد رکھیں انہوں نے خواتین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کی تربیت پر خصوصی توجہ دیں اور اس امر کو یقینی بنائیں کہ نوجوان نسل کسی بھی قسم کے منفی پروپیگنڈے یا گمراہ کن سرگرمیوں کا شکار نہ ہو۔

## وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی کائرہ ہاؤس آمد

### قمر زمان کائرہ کے بھائی مشتاق احمد کائرہ کی وفات پر تعزیت و فاتحہ خوانی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اتوار کو اسلام آباد میں کائرہ ہاؤس گئے جہاں انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما قمر زمان کائرہ سے ملاقات کی اور ان کے بھائی مشتاق کائرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور قمر زمان کائرہ سمیت سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم مشتاق کائرہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Bullet No. 1
Page No. 13

Daily Qudrat Quetta
قدرت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر نعمت اللہ
صفحات 8 قیمت 15 روپے
جلد 21 | سوموار 09 مارچ 2026ء، 19 رمضان المبارک 1447ھ | شمارہ 301

## وزیر اعلیٰ بلوچستان

# بلوچستان کی خواتین ہمت، حوصلے و عزم کی علامت، صوبے کے روشن مستقبل کی ضامن ہیں

**قوم خواتین قابل احترام ہیں جو ہر طرح کی مشکلات اور چیلنجز کے باوجود صوبے اور ملک کی خدمت میں مصروف عمل ہیں بلوچستان کی خواتین نہ صرف معاشرتی اور گھریلو ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہی ہیں بلکہ مختلف شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں کردار ادا کرتے ہوئے صوبے کی ترقی اور استحکام میں اہم حصہ ڈال رہی ہیں**

**خواتین جو مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے امن اور ترقی کے راستے کو اختیار کر کے ملک و قوم کی خدمت کر رہی ہیں، وہ ہمارے معاشرے کا فخر ہیں۔ اسی طرح وہ خواتین جو پولیس اور مسلح افواج میں شامل ہو کر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں اور پاکستان کے دفاع میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں، پوری قوم ان پر فخر کرتی ہے**

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم خواتین کے موقع پر بلوچستان کی بہادر، باصلاحیت اور باہمت خواتین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ تمام خواتین قابل احترام ہیں جو ہر طرح کی مشکلات اور چیلنجز کے باوجود صوبے اور ملک کی بقیہ 1 صفحہ 6 پر

خدمت میں مصروف عمل ہیں اعتراف کیا جس کے لئے ہر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین نہ صرف معاشرتی اور گھریلو ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہی ہیں بلکہ مختلف شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں کردار ادا کرتے ہوئے صوبے کی ترقی اور استحکام میں اہم حصہ ڈال رہی ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وہ خواتین جو مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے امن اور ترقی کے راستے کو اختیار کر کے ملک و قوم کی خدمت کر رہی ہیں، وہ ہمارے معاشرے کا فخر ہیں اسی طرح وہ خواتین جو پولیس اور مسلح افواج میں شامل ہو کر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں اور پاکستان کے دفاع میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں، پوری قوم ان پر فخر کرتی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے خواتین کی صلاحیتوں اور قیادت کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں صوبے کے اہم اضلاع میں ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز جیسے اہم انتظامی عہدوں پر تعینات کیا ہے اور وہ جس ذمہ داری اور پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ اپنی خدمات انجام دے رہی ہیں وہ قابل تحسین ہے انہوں نے کہا کہ خواتین کی معاشی خودمختاری کے لیے حکومت بلوچستان نے ویمن اکنامک امپاورمنٹ فنڈ متعارف کرایا ہے، جس کے تحت خواتین کو آسان اقساط پر قرضے فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ اپنے کاروبار کا آغاز کر سکیں اور معاشی طور پر خودمختار بن سکیں۔ اسی سلسلے میں خضدار ویمن مارکیٹ کا قیام بھی عمل میں لایا گیا ہے جہاں خواتین کو کاروبار کے بہتر مواقع میسر آ رہے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ خواتین کی تعلیم کے فروغ کے لیے سال 2024 اور 2025 کے دوران تقریباً سولہ ہزار طالبات کو ایک اعشاریہ پانچ ارب روپے کے تعلیمی وظائف فراہم کیے گئے ہیں اس کے علاوہ ہر ضلع سے میٹرک کے امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والی پانچ طالبات کے سولہ سالہ تعلیمی اخراجات حکومت بلوچستان نے اپنے ذمے لینے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ صوبے کی باصلاحیت بچیاں اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو محفوظ اور باوقار سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے پیپلز پنک بس سروس متعارف کرائی گئی ہے جس کے بعد خواتین کو سفر کے دوران درپیش مشکلات میں نمایاں کمی آئی ہے اور انہیں محفوظ، باوقار اور بااعتماد سفری سہولت میسر آئی ہے۔

# تربت میں پنک، گرین بس سروس کا باقاعدہ آغاز، وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کیچ کے عوام کو بڑا تحفہ

**نوجوان لاحاصل جنگ کا ایندھن بننے کے بجائے تعلیم اور اپنے مستقبل کو سنوارنے پر توجہ دیں، میر سرفراز بگٹی**

**اگلے سال کیچ میں پنک بس سروس شروع کرنے جا رہے ہیں تاکہ خواتین کو بھی سفری سہولیات گھر کی دہلیز پر مہیا کی جا سکیں**

تربت (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تربت شہر میں بقیہ 12 صفحہ 6 پر

گرین بس سروس کا باقاعدہ افتتاح کر دیا، افتتاحی تقریب میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری انرجی میر اصغر رند، صوبائی وزرا میر شعیب نوشیروانی، میر عاصم کرد گیلو سمیت دیگر حکام موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گرین بس سروس کو کیچ کے عوام کیلئے ایک تحفہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کا کریڈٹ میر ظہور بلیدی و دیگر وزرا کو جاتا ہے، انہوں نے کہا کہ گرین بس سروس کے افتتاح کیلئے انہیں گزشتہ مہینے آنا تھا تاہم خراب موسمی حالات کے پیش نظر اس وقت افتتاح ممکن نہیں ہو سکا تھا، صوبہ بلوچستان میں کوئٹہ کے بعد کیچ دوسرا ضلع ہے جہاں گرین بس سروس شروع کر دی گئی ہے۔

## صحافی حکومت اور عوام کے درمیان پل کا کردار ادا کرتے ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

**وزیر اعلیٰ بلوچستان کا تربت پریس کلب کے لیے گرانٹ میں اضافے اور جرنلسٹ کالونی کی تعمیر کا اعلان**

تربت (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تربت پریس بقیہ 21 صفحہ 6 پر

کلب کے سالانہ گرانٹ 20 لاکھ روپے سے بڑھا کر 50 لاکھ روپے کرنے اور جرنلسٹ کالونی کی تعمیر کا اعلان کر دیا۔ یہ اعلان انہوں نے سرکٹ ہاؤس تربت میں گرین بس سروس کے افتتاح کے موقع پر کیا، جہاں تربت پریس کلب کے وفد نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کرتے ہوئے سالانہ گرانٹ میں اضافے اور صحافیوں کے لیے رہائشی کالونی کے قیام کی درخواست پیش کی۔

سیاسی جماعتیں | امن وامان | عوامی مسائل | اداریے، مضامین

1 CLIPPING SERVICE 14


# Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1393 QUETTA Monday March 09, 2026 / Ramazan 19, 1447 Rs: 30


## Bugti pays tribute to women on Int'l Day

### Offers condolences on passing of Mushtaq Kaira, father of PSO

Staff Report

**QUETTA:** On the occasion of International Women's Day, Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti extended a heartfelt tribute to the brave, talented, and courageous women of the province, lauding their invaluable contributions to society.

In his official message, the Chief Minister stated that all women who are engaged in serving the province and the country, despite facing all kinds of difficulties and challenges, are truly worthy of the highest respect and admiration. He underscored the pivotal role of women, noting that the women of Balochistan are not only fulfilling their social and domestic responsibilities in an exemplary manner but are also making a significant and indelible contribution to the development and stability of the province. He highlighted their prominent and rising role across different walks of life, from education and health to professional fields, as a cornerstone of Balochistan's progress and a source of strength for the nation.

Moreover, in a gesture of profound solidarity and respect, Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti visited the residence of senior Pakistan People's Party leader Qamar Zaman Kaira in Islamabad on Sunday. The Chief Minister's visit was to personally express his deep sorrow and grief over the tragic demise of Mr. Kaira's brother, Mushtaq Kaira. During his visit, Mir Sarfaraz Bugti offered Fateha for the eternal peace of the departed soul and conveyed his heartfelt condolences and sympathies to the bereaved family, including Qamar Zaman Kaira. Standing with the family in their moment of immense loss, the Chief Minister affirmed that he equally shares in their grief and sorrow. He led a prayer for the deceased, beseeching Allah Almighty to grant Mushtaq Kaira a lofty station in His divine mercy and to bestow upon the grieving family the strength and fortitude to bear this irreparable loss with patience.

In a separate but equally solemn engagement, Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti offered condolences and Fateha on the death of the father of Syed Amin, a Personal Staff Officer (PSO). The Chief Minister visited to express his deep sorrow and grief, offering his heartfelt condolences and sympathy to Syed Amin and all members of the bereaved family during this difficult time. He prayed for the departed soul, asking Allah Almighty to grant the deceased a high position in His mercy and to give the family the courage and resilience to endure this profound shock. Reiterating his support, the Chief Minister stated that in this hour of sorrow and grief, he stands as an equal partner with Syed Amin and his family, sharing in their pain. He concluded by making a special prayer for the elevation of the deceased's ranks and for his eternal forgiveness.



**QUETTA:** Chief Minister Mir Sarfaraz Balti offering fateha on the death of Staff Officer Chief Minister Secretariat Syed Amin's father.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 09 MAR 2026 Page No. 18

## عورت اپنی بصیرت سے قوموں کی تقدیر بدل سکتی ہے، علی حسن زہری

### شہید بے نظیر بھٹو کی جدوجہد، ہمارا منشور، خواتین کے عالمی دن کے موقع پر ہم انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور ترجمان آصف علی زرداری برائے بلوچستان، میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ خواتین کا عالمی دن شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی جدوجہد، ہمارا منشور خواتین کے عالمی دن کے موقع پر ہم اس عظیم قائد کی وراثت کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے دنیا بھر میں خواتین کے لیے ہمت، جمہوریت اور بااختیار ہونے کی ایک نئی تاریخ رقم کی۔ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو صرف ایک سیاست دان نہیں، بلکہ وہ جبر کے خلاف مزاحمت اور نسواں کی خودمختاری کی عالمی علامت تھیں۔ محترمہ نے آمریت کے سیاہ دور میں خواتین کے حقوق کی شمع روشن کی اور ثابت کیا کہ ایک عورت اپنی بصیرت سے قوموں کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ سے خواتین کو فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کرنے کی داعی رہی ہے۔ بی بی شہید کا مشن آج بھی ہماری سیاست کا محور ہے۔ مستقبل کی راہ: ہم ایک ایسے پاکستان کے لیے کوشاں ہیں جہاں ہر بیٹی کو تعلیم، صحت اور ترقی کے یکساں مواقع میسر ہوں، جیسا کہ محترمہ کا خواب تھا۔ "بی بی شہید کی جدوجہد، نسلوں کی ہمت اور ہمارا فخر ہے۔

## عوام کو ان کی دہلیز پر پبلک ٹرانسپورٹ فراہم کرنے کا وعدہ پورا کر دیا، ظہور بلیدی

### تربت کیلئے گرین بس کا منصوبہ عملی شکل اختیار کر چکا، ڈی بلوچ سے آبسر تک بسیں چلائی جائینگی

تربت (این این آئی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت نے عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری پبلک ٹرانسپورٹ فراہم کرنے کا وعدہ پورا کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے دوسرے بڑے شہر تربت میں گرین بس سروس کے ذریعے اربن ٹرانسپورٹ سسٹم کا آغاز ایک اہم پیش رفت ہے۔ یہ بات انہوں نے تربت میں گرین بس منصوبے کے افتتاح کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ گرین بس منصوبہ، جو انہوں نے 2024 میں تربت کے لیے تجویز کیا تھا، آج عملی شکل اختیار کر چکا ہے۔ اس منصوبے کے تحت ڈی بلوچ سے آبسر روڈ تک 18.4 کلومیٹر طویل روٹ پر 4 بسیں چلائی جائیں گی جبکہ اس روٹ پر 18 اسٹیشنز بھی قائم کیے گئے ہیں۔ صوبائی وزیر کے مطابق گرین بس سروس کے آغاز سے روزانہ تقریباً 4 ہزار 500 مسافروں کو محفوظ اور معیاری سفری سہولیات میسر آئیں گی، جس سے شہریوں کو آمد و رفت میں آسانی حاصل ہوگی اور شہر کے ٹرانسپورٹ نظام میں بہتری آئے گی۔ تقریب کے شرکا نے امید ظاہر کی کہ گرین بس سروس سے تربت شہر میں جدید شہری ٹرانسپورٹ کے نظام کو فروغ ملے گا اور عوام کو سستی اور بااعتماد سفری سہولت دستیاب ہوگی۔

MASHRIQ QUETTA

## ولی محمد نورزئی اور علی مدد جتک کی اسمبلی میں حاضری سب سے زیادہ

### بلوچستان اسمبلی کے ارکان کی حاضری سے متعلق سالانہ کارکردگی رپورٹ

### وزیر اعلیٰ میر سرفراز احمد بگٹی نے 51 میں سے 40 اجلاسوں میں شرکت کی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے ارکان کی حاضری سے متعلق سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی مسلم لیگ (ن) کے حاجی ولی محمد نورزئی اور........ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کے حاجی علی مدد جتک کی 98 اور 96 فیصد اجلاسوں میں حاضری، وزیر اعلیٰ 78 جبکہ اپوزیشن لیڈر 75 فیصد اجلاسوں میں شریک ہوئے، بلوچستان اسمبلی کے دوسرے پارلیمانی سال فروری 2025 تا فروری 2026 تک کی "این این آئی" کو موصول ہونے والی رپورٹ کے مطابق مسلم لیگ (ن) سے تعلق رکھنے والے پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی نے سب سے زیادہ 98 فیصد حاضری کے ساتھ 50 اجلاسوں میں شرکت کی۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily: MASHRIQ QUETTA
Bullet No. 1 Dated 09 MAR 2026 Page No. 16

# قیام امن بنانے کیلئے وسائل بروئے کار لارہے ہیں، بخت محمد کاکڑ

دہشت گردی کا خاتمہ اور عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا جائیگا

**سیکورٹی اداروں اور حکومت کی مشترکہ کاوشوں سے جلد پورے ملک سے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا، صوبائی وزیر صحت**

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے ضلع ہرنائی اور [illegible] میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بہادر سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی بے مثال قربانیاں اور جرات پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کا قیام حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے تمام اداروں کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے تحت مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے حالیہ کارروائیوں نے ایک مرتبہ پھر ثابت کر دیا ہے کہ ملک دشمن عناصر کو کسی صورت اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے حکومت ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سیکیورٹی اداروں اور حکومت کی مشترکہ کاوشوں سے جلد پورے ملک سے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کے تحفظ اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے پرعزم ہے اور اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ ادارے مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام کر رہے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 09 MAR 2026 Page No. 18

# پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ نقصان دہ ثابت ہوگا، چیمبر آف کامرس

## ملکی معیشت کی صورتحال پہلے ہی ابتر صنعتوں کو چلانا روز بروز مشکل ہوتا جا رہا ہے' محمد ایوب مریانی' حاجی اختر کاکڑ

## بزنس کمیونٹی شدید دباؤ کا شکار ایسے میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ نیک شگون نہیں' میر واس خان کاکڑ

کوئٹہ ( آئی این پی ) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ بڑے اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کے اثرات غریب اور متوسط طبقے کے ساتھ کاروباری برادری کیلئے بھی انتہائی نقصان دہ ثابت ہوں گے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی، سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ اور نائب صدر انجینئر میر واس خان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں راتوں رات.........

بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

فی لیٹر 55 روپے تک ریکارڈ اضافہ ایسے وقت میں کیا گیا ہے جب ملک کی معیشت پہلے ہی شدید مشکلات سے دوچار ہے اور صنعتوں کو چلانا دن بدن مشکل ہوتا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے نہ صرف صنعتوں کا پہیہ مزید سست پڑ جائے گا بلکہ مصنوعات کی پیداواری لاگت اور ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں بھی نمایاں اضافہ ہوگا۔ اس کے نتیجے میں کاروباری سرگرمیاں متاثر ہوں گی اور معیشت پر مزید بوجھ پڑے گا۔ چیمبر کے عہدیداران کا کہنا تھا کہ پہلے ہی زیادہ شرح سود، مہنگی توانائی اور بھاری ٹیکسوں کے باعث بزنس کمیونٹی شدید دباؤ کا شکار ہے ایسے میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کاروباری طبقے کیلئے مزید مشکلات پیدا کرے گا

# انسپکٹر مٹھا خان بہادر اور فرض شناس افسر تھے، شاہد رند

## شہید نے قیام امن کے لیے نمایاں خدمات انجام دیں، بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے کوئٹہ کے علاقے سمنگلی روڈ، بورڈ آفس کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں سابق ایس ایچ او اور سی ٹی ڈی میں تعینات انسپکٹر مٹھا خان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعہ کی تحقیقات کا حکم دے دیا گیا ہے ملوث عناصر کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا شاہد رند نے کہا کہ انسپکٹر مٹھا خان ایک بہادر اور فرض.........

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

شناس افسر تھے جنہوں نے قیام امن کے لیے نمایاں خدمات انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ بلوچستان کے عوام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے حوصلے کو پست نہیں کر سکتا انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان شہید افسر کے خاندان کے غم میں برابر کی شریک ہے اور اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحوم کے درجات بلند ہوں اور لواحقین کو صبر جمیل عطا ہو۔

# ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر سمجھوتہ نہ کیا جائے' سیکرٹری مواصلات و تعمیرات

## ترقیاتی سکیمات کی تکمیل میں سستی، غفلت یا کوتاہی ہرگز قبول نہیں' بابر خان

## حکومت بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے' نواں کلی روڈ معائنے کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کو موثر بنانے اور کام کے معیار کو یقینی بنانے کے لئے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بلوچستان نے نواں کلی میں جاری سڑک کے منصوبے کا اچانک دورہ کیا اور پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بلوچستان بابر خان نے نواں کلی میں زیر تعمیر روڈ کے کام کا سرپرائز وزٹ کیا اس موقع پر محکمہ مواصلات و تعمیرات کے ہائی ڈویژن کے متعلقہ افسران، انجینئرز اور منصوبے سے وابستہ کنٹریکٹر بھی موجود تھے دورے کے دوران سیکرٹری مواصلات و تعمیر.........

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ات بابر خان نے جاری تعمیراتی کام کا بغور معائنہ کیا اور روڈ کی تعمیر میں استعمال میٹریل، کام کی رفتار اور مجموعی معیار کا تفصیلی جائزہ لیا انہوں نے موقع پر موجود کنٹریکٹر سے منصوبے کی پیش رفت، درپیش مسائل اور تکمیل کے متوقع وقت کے حوالے سے بھی معلومات حاصل کیں اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے متعلقہ حکام کو سختی سے ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ منصوبے کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تعمیراتی کام مقررہ معیار اور قواعد و ضوابط کے مطابق مکمل کیا جائے انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں کسی بھی قسم کی سستی، غفلت یا کوتاہی ہرگز قابل قبول نہیں ہوگی انہوں نے مزید کہا کہ حکومت عوام کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کیلئے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام کر رہی ہے

CamScanner

# خواتین کی ترقی و خوشحالی اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں، جہاں آرا تبسم

## تعلیم، صحت سمیت تمام شعبوں میں خواتین کو مواقع اور تعاون فراہم کیا جائے تو معاشرہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتا

**خواتین نے ہر دور میں چیلنجز کا سامنا کرتے ہوئے اپنی محنت سے معاشرے میں نمایاں مقام حاصل کیا، ڈپٹی سیکرٹری**

کوئٹہ (خ ن) عالمی یوم خواتین کے موقع پر یوتھ ڈویژن ریسورس سنٹر میں محکمہ امور نوجوانان حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں خواتین کے فعال کردار اور خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب کا انعقاد وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے خواتین کی ترقی سے متعلق مثبت وژن اور مشیر وزیر اعلیٰ برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید کی قیادت میں کیا گیا۔ تقریب کا مقصد مختلف شعبہ ہائے زندگی میں خواتین کی جدوجہد، کامیابیوں اور خدمات کو اجاگر کرنا تھا۔ پروگرام میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات اور خواتین نے شرکت کی۔ شرکاء میں فریبا خٹک (پرنسپل ہوسٹ)، ملائکہ زاہد (اسپورٹس ویمن)، جہاں آرا تبسم (ڈپٹی سیکرٹری) اور مس اختر (کوآرڈینیٹر ویمن ڈویلپمنٹ) شامل تھیں۔ میڈیا، کھیل، کاروبار اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والی خواتین نے بھی بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے دوران مقررین نے کہا کہ خواتین نے ہر دور میں چیلنجز کا سامنا کرتے ہوئے اپنی محنت اور صلاحیتوں سے معاشرے میں نمایاں مقام حاصل کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر خواتین کو تعلیم، صحت سمیت تمام شعبوں میں مواقع اور مکمل تعاون فراہم کیا جائے تو پورا معاشرہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتا ہے۔ واضح رہے کہ عالمی خواتین ڈے ہر سال 8 مارچ کو دنیا بھر میں منایا جاتا ہے تاکہ خواتین کی کامیابیوں کو سراہا جا سکے اور صنفی مساوات کے فروغ کے لیے آگاہی پیدا کی جا سکے۔ اس موقع پر دنیا بھر میں مختلف تقریبات، سیمینارز اور آگاہی پروگرام منعقد کیے جاتے ہیں۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated 09 MAR 2026

Page No. 21

# سیاسی مکالمے اور عوام کو ان کے حقوق دیکر بلوچستان کے مسائل کا حل ممکن ہے

**لیاقت بلوچ**

## صوبے کے تمام معاملات کو آئین اور قانون کے دائرے میں حل کیا جائے، پاک افغان کشیدگی فوری کم کی جائے، اجلاس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر ملی یکجہتی کونسل کے سیکرٹری جنرل لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کے مسائل کا حل طاقت یا نظر انداز کرنے سے نہیں بلکہ سیاسی مکالمے، آئینی بالادستی اور عوام کو ان کے جائز حقوق دینے سے ممکن ہے حکومت بلوچستان کے عوام کے معاشی، تعلیمی اور سماجی مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اور موثر اقدامات کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں جماعت اسلامی بلوچستان کی صوبائی و کوئٹہ کے امیدواران اور سیاسی کمیٹی کے مشترکہ مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں بلوچستان کی سیاسی و پارلیمانی صورتحال، امن وامان، بے روزگاری، غربت، لاپتہ افراد، بارڈر بندش، مین شاہراہوں، انٹرنیٹ، تجارت کی بندش، جماعت اسلامی کی تنظیمی صورتحال و آئندہ لائحہ عمل پر طویل مشاورت کی اور عوام کو درپیش سنگین مسائل پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ، نائب امیر پارلیمانی سیکرٹری انجینئر عبدالمجید بادینی، جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امراء عبدالمتین اخوندزادہ، زاہد اختر بلوچ، مولانا عبدالکبیر شاکر، ڈاکٹر عطاالرحمن، ڈاکٹر کفیل روشن، حافظ نور علی، مولانا محمد عارف دمڑ، ڈپٹی جنرل سیکرٹریز نورالدین غلزئی، صابر صالح پانیزئی، الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے صدر عبدالمجید سرپازی، اسلامی جمعیت طلبہ بلوچستان کے ناظم احسان اللہ ناصر، این ایل ایف، پریم یونین کے ارشد یحییٰ غلزئی، جماعت اسلامی کوئٹہ کے امیر عبدالنعیم رند، میڈیا انچارج عبدالولی خان شاکر، سوشل میڈیا کے اسامہ ہاشمی، روح اللہ سالار و دیگر شریک ہوئے۔

MASHRIQ QUETTA

# فاٹا و بلوچستان کے طلبہ کیلئے سکالرشپ کوٹہ بحال کیا جائے، پشتونخوا میپ

## تعلیم دشمن فیصلے سے سینکڑوں باصلاحیت طلباء تعلیم کے حصول سے محروم ہو جائیں گے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں 2018 میں فاٹا اور بلوچستان (پشتون بلوچ دو قومی صوبے) کے طلباء و طالبات کیلئے مختص سکالر شپ کوٹہ کو مکمل طور پر بحال نہ کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ مذکورہ تعلیم دشمن فیصلے سے سینکڑوں باصلاحیت طلباء تعلیم کے حصول سے محروم ہو جائیں گے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ 2018 میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن اور پی ایم ڈی سی میں 333 میڈیکل نشستوں پر فاٹا اور بلوچستان (پشتون بلوچ دو قومی صوبے) کے لئے مختص کی گئی اور وعدہ کیا گیا کہ 5........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

سال کے بعد ان میڈیکل سیٹوں کی تعداد میں اضافہ کرتے ہوئے انہیں 666 کی جائے گی لیکن حکومت نے ان میڈیکل سیٹوں میں کئے گئے وعدوں پر عمل درآمد کی بجائے میڈیکل سیٹوں کو 333 سے کم کر کے 121 کر دیا ہے جس سے فاٹا اور بلوچستان (پشتون بلوچ دو قومی صوبے) کے طلباء میں احساس محرومی میں اضافہ ہوا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی فاٹا اور بلوچستان (پشتون بلوچ دو قومی صوبے) کے طلباء کے لئے مختص میڈیکل سیٹوں کی بحالی کے لیے ہر فورم پر آواز اٹھائے گی اور حکومت کو مجبور کرے گی کہ وہ تمام میڈیکل سیٹیں بحال کریں۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے پسماندہ علاقوں کے طلباء کو خصوصی سہولیات فراہم کی جائے اور میڈیکل نشستیں دوبارہ بحال کر کے طلباء میں موجود بے چینی کا خاتمہ کیا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated 09 MAR 2026 Page No. 22

# کوئٹہ نامعلوم افراد کی فائرنگ سے سی ٹی ڈی انسپکٹر شہید

مٹھا خان کلی اسماعیل میں ڈیوٹی پر موجود تھے کہ نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے میدانی کے مقام پر فائرنگ کر دی

پولیس نے لاش تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دی، شواہد اکٹھے کر کے حملہ آوروں کی تلاش شروع کر دی گئی ہے، حکام

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مشرقی روڈ جناح ٹاؤن میدانی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے سی ٹی ڈی کا سب انسپکٹر شہید ہو گیا۔ حکومت بلوچستان کا سی ٹی ڈی انسپکٹر مٹھا خان کی شہادت پر اظہار تعزیت، واقعہ کی تحقیقات کا حکم دے دیا۔ پولیس لائن میں شہید کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی آئی جی ڈی آئی جیز سمیت دیگر افسران نے شرکت کی میت آبائی علاقے فیصل آباد روانہ کر دی گئی۔ پولیس کے مطابق صدر تھانے کے حدود میں رہائش پذیر سی ٹی ڈی کا سب انسپکٹر مٹھا خان اتوار کی شام افطاری سے قبل صدر تھانے میں اپنے چند بھائیوں سے ملاقات کر کے ......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

تھانے کے سامنے جناح ٹاؤن میدانی میں گیا جہاں نامعلوم افراد اس پر فائرنگ کرتے ہوئے موٹر سائیکل پر فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں مٹھا خان شدید زخمی ہو گیا جسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا جا رہا تھا کہ وہ راستے ہی میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس ? سی ٹی ڈی اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا جبکہ ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد میت پولیس لائن لے جائی گئی جہاں شہید کی نماز جنازہ ادا کی گئی نماز جنازہ میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ ? رکن اسمبلی زرک خان مندوخیل ? علی مدد جتک آئی جی پولیس محمد طاہر خان ? ڈی ا?ئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز گورایہ ? ڈی ا?ئی جی کوئٹہ عمران شوکت ڈی ا?ئی جی اسپیشل برانچ طاہر علاؤالدین ? ایس ایس پی کوئٹہ محمد ا?صف خان سمیت دیگر افسران اور لواحقین بھی موجود تھے۔ نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد میت ا?بائی علاقے فیصل ا?باد روانہ کر دی گئی۔

## چمن، دراندازی کی کوشش ناکام، خارجی ہلاک

فورسز نے باڑ کاٹنے والے گروہ کو نشانہ بنایا، آئی ای ڈیز برآمد

کوئٹہ (یو این اے) چمن سیکٹر کے سرحدی علاقے میں سیکیورٹی فورسز نے 3 سے 4 دہشت گردوں پر مشتمل گروہ کی دراندازی کی کوشش کو ناکام بنا دیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے سرحدی باڑ کی حفاظت اور دراندازی کو روکنے کے لیے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کو موثر انداز میں نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں فائرنگ کے ......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

تبادلے کے دوران ایک دہشت گرد ہلاک ہو گیا جبکہ دیگر زخمی حالت میں فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے قبضے سے 4 سے 5 آئی ای ڈیز) بارودی مواد (اور باڑ کاٹنے کا سامان بھی برآمد کر لیا گیا ہے۔

## ژوب: ڈاکوؤں کی فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق

ژوب (این این آئی) ژوب کے علاقے میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق اتوار کو ژوب کے علاقے غورلم ایریا میں نامعلوم افراد نے ایک شخص داؤک ولد زرداد باران زئی سے اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی مزاحمت پر فائرنگ کر کے اسے ہلاک کر دیا اور موٹر سائیکل لیکر فرار ہو گئے۔ پولیس نے نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی اور مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی شروع کر دی۔

## تربت سے نعش برآمد

کوئٹہ (این این آئی) تربت کے علاقے سے پولیس نے ایک شخص کی نعش قبضے میں لے لی۔ پولیس کے مطابق اتوار کو تربت کے علاقے للین ناصر آباد سے پولیس نے ایک شخص کی نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا دی۔ جس کی شناخت محمد عالم ولد رحیم داد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی اور مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی شروع کر دی۔

## کوئٹہ: فائرنگ تبادلے کے بعد 2 موٹر سائیکل سنیچر ہلاک

ایک زخمی حالت میں گرفتار، فائرنگ سے پولیس اہلکار بھی زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ہزارہ ٹاؤن پولیس اور ایگل اسکواڈ کے عملے کی موٹر سائیکل سنیچروں کے خلاف کارروائی کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں 2 ملزمان ہلاک ......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

اور ایک زخمی ہو گیا جس کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا فائرنگ میں ایک پولیس اہلکار بھی زخمی ہوا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز ایس ایچ او تھانہ نیو ہزارہ ٹاؤن کامران بھٹی ایگل اسکواڈ کے عملے کے ہمراہ چیکنگ کر رہے تھے کہ نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا تو انہوں نے فائرنگ کر دی

## دالبندین: سی ٹی ڈی دفتر پر دستی بم حملہ، ایک اہلکار زخمی

نامعلوم موٹر سائیکل سوار بم پھینک کر فرار ہو گئے، سرچ آپریشن جاری

دالبندین (یو این اے) چاغی کے علاقے دالبندین میں گزشتہ شب نامعلوم موٹر سائیکل سوار نے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کے دفتر پر دستی بم سے حملہ کر دیا، جس کے نتیجے میں ایک اہلکار ......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

زخمی ہو گیا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق زخمی اہلکار کی شناخت عبدالطاہر کے نام سے ہوئی ہے، جسے فوری طور پر طبی امداد کے لیے پرنس فہد ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں اسے ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔ حملے کے بعد حملہ آور موٹر سائیکل پر سوار ہو کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا، جس کے بعد پولیس نے علاقے میں ناکے لگا کر حملہ آور کی تلاش شروع کر دی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated 09 MAR 2026 Page No. 24

## حکومت تمام علاقوں کی متوازن ترقی کیلئے کوشاں

بلاشبہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جب سے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالا ہے وہ صوبے کے تمام علاقوں میں ترقیاتی اقدامات کررہے ہیں انہوں نے اس سلسلے میں عوامی مفاد کے کئی ایسے کام کئے ہیں جو اس سے پہلے کی حکومتیں نہیں کر پائیں۔ صوبائی حکومت اس کے ساتھ ساتھ صوبے کے تمام علاقوں کی متوازن ترقی کیلئے کوشاں ہیں۔ وہ ایسے علاقوں میں بھی کام کررہے ہیں جو اس سے پہلے نظرانداز کئے جاتے رہے ہیں۔

گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سوئی کے دورے کے دوران سوئی رنگ روڈ اور گیس کی فراہمی کے منصوبوں کا افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ایک بار پھر اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت صوبے کے تمام علاقوں کی متوازن ترقی کیلئے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ دن دور نہیں جب بگٹی قوم کے نوجوان تعلیمی میدان میں نمایاں مقام حاصل کرینگے بگٹی طلبہ اپنی محنت اور قابلیت کے ذریعے نہ صرف اپنے علاقے بلکہ پوری قوم اور صوبے کا نام روشن کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ عوام کو ان کے حقیقت ثمرات میسر آسکیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ صوبے کے دوردراز اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کو مزید تیز کیا جائے گا اور عوام کو بہتر معیار زندگی فراہم کرنے کیلئے ہرممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے انہوں نے اس موقع پر پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ کی جانب سے منعقدہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی مختلف شعبوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے ملازمین میں اسناد بھی تقسیم کیں اور ان کی محنت لگن اور خدمات کو سراہا۔

صوبائی حکومت کا تمام علاقوں کی متوازن ترقی کیلئے کوشاں اور صوبے کی پائیدار ترقی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہونے سے متعلق وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا مذکورہ بیان اور عزم کا اظہار قابل تقریب ہے انہوں نے سوئی رنگ روڈ گیس کی فراہمی کے منصوبوں کا افتتاح کرکے یہ بات ثابت کردی ہے کہ وہ واقعی میں صوبے کے تمام علاقوں کی یکساں ترقی کیلئے کوشاں ہیں کیونکہ سوئی میں گیس کی فراہمی کے منصوبوں کا افتتاح صوبے میں ایک تاریخی اقدام ہے جو کہ اس سے قبل برسراقتدار رہنے والی سابقہ حکومتیں نہیں کرسکیں۔ سوئی میں گیس کی فراہمی کا نہ ہونا وہاں کی عوام کے ساتھ بہت بڑی زیادتی تھی کہ ان کے علاقے سے نکلنے والی گیس پورے ملک میں سپلائی ہورہی ہو لیکن وہ خود اس سے محروم ہوں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایک اچھا اقدام کرکے علاقے کے عوام کے دل جیت لیے ہیں انہوں نے صوبے کے دیگر دوردراز اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کو مزید تیز کرنے کی بات بھی کی ہے اس سلسلے میں متعلقہ اداروں کو اپنے فرائض احسن طریقے سے انجام دینے چاہئیں تاکہ یہ علاقے ترقی یافتہ ہوں اور عوام کو سہولتیں مل سکیں جو کہ ان کا حق ہے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Time Quetta
Bulet No. 6
Dated 09 MAR 2026
Page No. 25

# Enrollment campaign 2026

The Balochistan government's target to enroll over 266,000 children during the 2026 academic campaign is a commendable, albeit daunting, step toward rectifying the province's long-standing educational crisis. With an estimated 1.5 million children currently out of school a staggering figure given the province's relatively small and dispersed population the scale of the challenge cannot be overstated. The recent claims by the provincial administration regarding the reactivation of 4,000 non-functional schools and the recruitment of 10,000 new teachers suggest a newfound political will to address the structural decay that has historically plagued the sector. By mobilizing public rallies and engaging a broad spectrum of society, from religious leaders to political workers, the government is rightly acknowledging that education is not merely a departmental responsibility but a collective social obligation. However, the transition from enrollment targets on paper to meaningful learning in the classroom remains the true litmus test for these reforms.

While awareness campaigns and enrollment drives are essential for sparking initial interest, they often fail to address the underlying socio-economic barriers that keep children at home or in the workplace. In the remote and impoverished corners of Balochistan, the decision to keep a child out of school is rarely a matter of simple choice; it is a desperate response to survival. Poverty remains the primary antagonist to literacy, forcing families to prioritize immediate labor over the long-term benefits of schooling. To ensure that these 266,000 children do not merely register and then drop out within months, the government must pair its enrollment drive with tangible support systems, such as conditional cash transfers, free mid-day meals, and the provision of basic necessities like uniforms and textbooks.

Furthermore, the quality of education and the functional status of newly "reactivated" schools must be monitored with rigorous transparency. In the past, Balochistan has suffered from the phenomenon of "ghost schools" and absentee teachers, where infrastructure existed in records but not in reality. The recruitment of 10,000 teachers is a significant milestone, but their presence in classrooms, particularly in underserved districts, must be guaranteed through digital monitoring and community oversight. The government's current momentum provides a rare window of opportunity to bridge the educational divide between Balochistan and the rest of the country. If the administration can move beyond the optics of a campaign and commit to a long-term strategy of improving school infrastructure and supporting impoverished families, it may finally begin to secure a brighter, more literate future for the next generation of Balochistan.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 09 MAR 2026 Page No. 26

# بلوچستان میں جدید ٹیلی ہیلتھ نظام

عنایت الرحمٰن



بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جہاں آبادی بڑی حد تک دور دراز اور پہاڑی علاقوں میں آباد ہے۔ جغرافیائی پھیلاؤ اور دشوار گزار راستوں کی وجہ سے یہاں طویل عرصے تک صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی ایک بڑا چیلنج رہی ہے۔ تاہم موجودہ صوبائی حکومت نے اس صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کا آغاز کیا ہے تاکہ صوبے کے ہر شہری کو معیاری طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صحت کے شعبے کو اپنی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل کرتے ہوئے واضح کر چکے ہیں کہ معیاری طبی سہولیات ہر شہری کا بنیادی حق ہے اور ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ یہ سہولتیں شہری مراکز کے ساتھ ساتھ دور افتادہ علاقوں تک بھی پہنچائے۔ وزیر اعلیٰ کے مطابق حکومت کا وژن ایک ایسا بلوچستان ہے جو مضبوط، محفوظ، منصفانہ اور صحت مند ہو۔ اس مقصد کے لیے صوبے کے پسماندہ اور محروم علاقوں میں پہلی بار بنیادی صحت کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ صوبے بھر میں 161 بنیادی صحت کے مراکز کو بحال کیا گیا ہے اور تین ہزار ڈاکٹروں کو کنٹریکٹ کی پر بھرتی کیا گیا ہے تاکہ وہ ان بی ایچ یوز میں خدمات سرانجام دیں۔ صوبائی حکومت صحت کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے سرکاری اقدامات کے ساتھ ساتھ نجی شعبے کی سرمایہ کاری کو بھی فروغ دے رہی ہے۔ اسی سلسلے میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن پانیزئی نے بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین سے ملاقات میں صحت کے شعبے میں نجی سرمایہ کاری کے امکانات کا جائزہ لیا اور اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ ہسپتالوں کی تعمیر، تشخیصی مراکز، جدید طبی آلات، ادویات کی فراہمی، سپلائی چین اور ٹیلی میڈیسن سمیت مختلف شعبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے صحت کے نظام کو مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ دوسری جانب بلوچستان میں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ٹیلی ہیلتھ پروگرام کو بھی فروغ دیا جا رہا ہے۔ اس حوالے سے چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبے کے دور دراز علاقوں میں ٹیلی میڈیسن کے ذریعے عوام کو طبی سہولیات فراہم کرنے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ صوبائی حکومت نے صحت کے شعبے کے لیے بجٹ میں خاطر خواہ رقم مختص کی ہے اور ٹیلی ہیلتھ کے ذریعے جدید ٹیکنالوجی کو دیہی علاقوں تک پہنچانے کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ حکام کے مطابق ٹیلی میڈیسن پروگرام کے ذریعے صوبے بھر میں ہزاروں مریض گھر بیٹھے ماہر ڈاکٹروں سے مشورہ حاصل کر رہے ہیں، جو صحت کے شعبے میں ایک مثبت انقلاب کی علامت ہے۔ اس پروگرام کا آغاز 2020 میں ایک پائلٹ منصوبے کے طور پر کیا گیا تھا جس کے تحت ابتدائی طور پر چند اضلاع میں خدمات فراہم کی گئیں۔ بعد ازاں پی پی ایچ آئی نے COMSATS کے تعاون سے گوادر، کوئٹہ، واشک، مستونگ، جعفرآباد اور ژوب سمیت مختلف علاقوں میں ٹیلی ہیلتھ کلینکس قائم کیے، جنہیں مرحلہ وار صوبے کے دیگر اضلاع تک توسیع دی جا رہی ہے۔ ٹیلی ہیلتھ کلینکس کے ذریعے گائناکالوجی، پیڈیاٹرکس اور ڈرماٹالوجی سمیت مختلف طبی خدمات فراہم کی جا رہی ہیں، جس سے خصوصاً دور دراز علاقوں کی خواتین کو گھر کے قریب طبی مشورہ حاصل کرنے میں آسانی ہوئی ہے۔ اس نظام کے ذریعے خطرناک حمل کی بروقت نشاندہی، بچوں کی صحت سے متعلق مسائل کی تشخیص اور دیگر بیماریوں کے علاج میں بھی مدد مل رہی ہے۔ اس کے علاوہ ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی تربیت، صحت سے متعلق آگاہی مہمات اور غذائیت و صفائی جیسے موضوعات پر تربیتی پروگرام بھی جاری ہیں۔ ماہرین کے مطابق ٹیلی ہیلتھ نظام نہ صرف دور دراز علاقوں میں ڈاکٹرز کی کمی کو پورا کرنے میں مدد دے رہا ہے بلکہ ماں اور بچے کی اموات میں کمی، بزرگ اور خصوصی افراد کو طبی سہولیات کی فراہمی اور جعلی معالجین کے خاتمے میں بھی اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ حکومت بلوچستان کے ان اقدامات سے واضح ہوتا ہے کہ صوبے میں صحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے سنجیدہ کوششیں جاری ہیں۔ اگر یہی رفتار برقرار رہی تو آنے والے برسوں میں بلوچستان کے عوام کو بہتر اور معیاری طبی سہولیات میسر آئیں گی اور صوبہ صحت کے میدان میں نمایاں ترقی کی جانب گامزن ہو سکے گا۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: MASHRIQ QUETTA
Bullet No 6
Dated: 09 MAR 2026 Page No. 27

# بلوچستان میں ترقی وخوشحالی کا نیا دور



**افکار زاہدی**
نعیم الحق زاہدی

بلوچستان میں ترقی اور خوشحالی کا سفر ایک نئے اور فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکا ہے، جس کے نتیجے میں ملک دشمن عناصر کی جانب سے پھیلایا جانے والا پسماندگی اور محرومیوں کا منفی بیانیہ اپنی حیثیت کھو چکا ہے۔ صوبے میں تعلیم، صحت، معیشت اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے متعدد منصوبے عملی شکل اختیار کر چکے ہیں۔ نئے اسکولوں کی تعمیر، شاہراہوں اور سڑکوں کے جال کی توسیع اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے اقدامات اس بات کی واضح مثال ہیں کہ بلوچستان کو ترقی کے مرکزی دھارے میں لانے کے لیے ایک جامع حکمت عملی کے تحت کام تیزی سے جاری ہے۔ یہ اقدامات ایک طرف عوامی زندگی میں سہولت اور بہتری لا رہے ہیں تو دوسری جانب صوبے میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور نئے مواقع کی بنیاد بھی فراہم کر رہے ہیں۔ ان وسیع تر ترقیاتی اقدامات کے ساتھ ساتھ معیشت کے بنیادی شعبوں کو بھی مضبوط بنانے کی کوششیں جاری ہیں، جن میں زرعی شعبہ خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ بلوچستان میں زرعی ترقی اور کسانوں کی بہبود کے لیے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (SIFC) کے تحت گرین کارپوریٹ انیشی ایٹو (GCI) کے ذریعے ایک جامع پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے۔ اس پروگرام کا بنیادی مقصد بلوچستان کے زرعی شعبے کو جدید تقاضوں کے مطابق استوار کرنا اور کسانوں کو ایسی سہولیات فراہم کرنا ہے جو انہیں معاشی طور پر مستحکم بنا سکیں۔ زرعی ترقی کے اس پروگرام کو مؤثر بنانے کے لیے مالیاتی شعبے کی شمولیت بھی یقینی بنائی گئی ہے۔ اسی تناظر میں عسکری بینک نے گرین کارپوریٹ انیشی ایٹو کے ساتھ بلوچستان میں زرعی ترقی کے لیے تزویراتی تعاون کا آغاز کیا ہے۔ یہ تعاون اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ بلوچستان کی معاشی ترقی کے لیے اب مختلف ادارے مشترکہ طور پر کردار ادا کر رہے ہیں۔ اس اشتراک کے تحت بلوچستان کے کسانوں کو تین ارب روپے کی بلاسود زرعی فنانسنگ فراہم کی جائے گی۔ یہ اقدام خاص طور پر ان کسانوں کے لیے نہایت اہم ہے جو محدود وسائل کے باعث جدید زرعی سہولیات تک رسائی حاصل نہیں کر پاتے۔ اس بلاسود مالی معاونت کے ذریعے کسان معیاری بیج، کھاد، زرعی آلات اور دیگر ضروری وسائل تک آسان رسائی حاصل کر سکیں گے، جس سے زرعی پیداوار میں نمایاں اضافہ متوقع ہے۔ یہ مالی سہولیات صرف روایتی زراعت تک محدود نہیں رہیں گی بلکہ اس کے ذریعے زرعی فارمنگ کے ساتھ ساتھ نان فارم سرگرمیوں کو بھی فروغ دیا جائے گا۔ اس میں زرعی مصنوعات کی پروسیسنگ، ویلیو ایڈیشن، اسٹوریج اور دیگر معاشی سرگرمیاں شامل ہیں۔ اس طرح زرعی معیشت کو ایک مضبوط اور وسیع بنیاد فراہم کی جا رہی ہے، جس کے نتیجے میں دیہی علاقوں میں معاشی سرگرمیوں میں اضافہ اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ عسکری بینک کے صدر اور سی ای او ضیاء اعجاز کے مطابق گرین کارپوریٹ انیشی ایٹو کے ساتھ یہ تعاون بلوچستان کے کسانوں کی خوشحالی اور ان کی معاشی بہتری کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس پروگرام کے ذریعے کسانوں کو وہ مالی سہولتیں فراہم کی جائیں گی جو انہیں اپنی زرعی سرگرمیوں کو مزید بہتر بنانے میں مدد دیں گی۔ اسی طرح گرین کارپوریٹ انیشی ایٹو کے سی ای او نے اس اشتراک کو بلوچستان کے زرعی شعبے کے لیے ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ ان کے مطابق یہ پروگرام صوبے کی معاشی ترقی کے لیے ایک مؤثر ذریعہ ثابت ہوگا اور اس کے ذریعے زرعی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جا سکے گا۔ بلوچستان میں زرعی ترقی کے یہ اقدامات دراصل ایک وسیع تر معاشی حکمت عملی کا حصہ ہیں۔ جس کے تحت نہ صرف زرعی پیداوار میں اضافہ مقصود ہے بلکہ ایک ایسا معاشی ماحول بھی پیدا کیا جا رہا ہے جس میں کسان اور دیہی آبادی بہتر معاشی مواقع سے فائدہ اٹھا سکیں۔ زرعی شعبے میں سرمایہ کاری کا ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہوتا ہے کہ اس سے معیشت کے دیگر شعبے بھی متحرک ہو جاتے ہیں۔ جب زرعی سرگرمیاں بڑھتی ہیں تو اس سے تجارت، نقل وحمل اور خوراک کی صنعت جیسے شعبے بھی ترقی کرتے ہیں۔ یوں ایک مثبت معاشی سلسلہ وجود میں آتا ہے جو مجموعی اقتصادی ترقی اور استحکام کو تقویت دیتا ہے۔ بلوچستان میں زرعی شعبے کو خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک جانب تعلیمی اداروں کی تعمیر مراکز صحت کی بحالی کے منصوبے جاری ہیں تو دوسری جانب معیشت کے بنیادی شعبوں کو بھی مضبوط بنایا جا رہا ہے۔ اس متوازن حکمت عملی کا مقصد یہ ہے کہ صوبے کی ترقی صرف ایک شعبے تک محدود نہ رہے بلکہ مختلف شعبوں میں یکساں طور پر آگے بڑھے۔ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے تعاون سے شروع کیے گئے یہ اقدامات دراصل بلوچستان میں معاشی استحکام اور ترقی کے ایک نئے باب کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔ اس کے ذریعے ایک ایسا معاشی نظام تشکیل دیا جا رہا ہے جو طویل المدتی ترقی کو یقینی بنائے گا۔ یہ بات بھی اہم ہے کہ زرعی ترقی کے یہ اقدامات دیہی علاقوں میں سماجی اور معاشی بہتری کا سبب بنیں گے۔ جب کسان خوشحال ہوں گے تو اس کے اثرات پورے معاشرے پر مرتب ہوں گے۔ بہتر آمدنی سے تعلیم، صحت اور دیگر بنیادی ضروریات تک رسائی بھی آسان ہو جائے گی۔ آج بلوچستان ایک ایسے مرحلے سے گزر رہا ہے جہاں ترقی کے مختلف منصوبے ایک دوسرے سے جڑ کر ایک جامع ترقیاتی منظرنامہ تشکیل دے رہے ہیں۔ تعلیم، بنیادی ڈھانچے اور معیشت کے شعبوں میں جاری اقدامات اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ صوبے کی ترقی کے لیے ایک واضح اور مربوط سمت متعین کی جا چکی ہے۔ بہت جلد بلوچستان نہ صرف معاشی طور پر مضبوط ہوگا بلکہ یہ ترقی پورے پاکستان کے لیے خوشحالی اور استحکام کا باعث بھی بنے گی۔ مختصراً یہ کہ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے تحت گرین کارپوریٹ انیشی ایٹو اور عسکری بینک کے اشتراک سے بلوچستان میں زرعی ترقی کا جو نیا باب شروع ہوا ہے، وہ صوبے کی معاشی خودکفالت کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ یہ اقدامات کسانوں کو بااختیار بنانے، زرعی پیداوار میں اضافہ کرنے اور صوبے میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ اسی تسلسل کے ساتھ جاری ترقیاتی اقدامات بلوچستان کو ترقی، استحکام اور خوشحالی کی ایک نئی منزل کی جانب گامزن کر رہے ہیں۔

